
www.saharaexpressdaily.com saharaexpress123@gmail.com ● saharaexpressnews@gmail.com ● saharaexpresspatna1@gmail.com



روزنامہ پٹنہ
# سہارا ایکسپریس
# SAHARA EXPRESS,PATNA

*Urdu Daily Published From Patna, Ranchi & Delhi*

No-1 SE

RNI.NO.BIHURD/2011/37805 Vol:15 Issue:177 04.07.2025 **FRIDAY** Re.01 Page:08

جلد نمبر:15 شمارہ:177 /جمعہ ۴/جولائی/۲۰۲۵/مطابق ۸/محرم الحرام/۱۴۴۷ھ/ صفحات:08

आपकी सफलता..... हमारी पहचान.......

**Fail** (or Low Marks Student) (कमजोर विद्यार्थी)

**Pass** (From BBOSE) (Distance Education Policy)

मैट्रिक | इंटर | ग्रेजुएशन

**Patna Institute**
*The Admission Provider*

8102597979

opp pillar no 50 beside popular nursing home
Ashok rajpath patna.4

काफ़ी सालो से आपकी खिदमत में लखनऊ की सबसे बेहतर सेवा देने वाली ट्रैवल कंपनी अब आपके शहर पटना में

Riyaz TOUR & TRAVELS | RIYAZ GROUP .COM RG — A Signature of Excellence

जुलाई 2025 में नए सीजन की शुरुआत और भी नयी और बेहतर सहूलियतों के साथ

| | | |
|---|---|---|
| 05 JUL 25 - 21 JUL 25 | RS. 88000 | 17 DAYS |
| 13 JUL 25 - 30 JUL 25 | RS. 90000 | 18 DAYS |
| 23 JUL 25 - 08 AUG 25 | RS. 88000 | 17 DAYS |

उमराह पैकेज के साथ मिलने वाली सहूलियात ::

INCLUSIONS: VISA, INSURANCE, HOTEL, BUFFET MEALS, TRANSFERS, Wi-Fi, COMPLETE ZIYARAT, LAUNDRY SERVICE, Zam-Zam

दिल्ली से डायरेक्ट फ्लाइट

DOCUMENTS REQUIRED FOR UMRAH
VALID PASSPORT
PAN CARD
2 PHOTOGRAPHS WITH WHITE BACKGROUND

FOR PATNA TO PATNA FACILITY, YOU WILL HAVE TO PAY EXTRA CHARGES

MOHD. SADIQUE +91-7388963339 | MD SHARIQUE +91-8235342497 | RIYAZ AHMAD +91-9935570058

ADD.: Shop No. 5, Ground Floor, Ayesha Complex, West of Training School (SCERT Bihar), Mahendru, Patna - 800006 (Bihar)
HEAD OFF.: FF 3-4, GALAXY BUILDING, HARDOI ROAD, THAKURGANJ, LKO - 226003

**HANZALA TOUR & TRAVEL PVT. LTD.**
حنظلہ ٹور اینڈ ٹریول پرائیویٹ لیمیٹیڈ
H.O. : 9/A, Lower Ground Floor, Fazal Imam Complex, Fraser Road, Patna 1
Toll Free : 1800-1211-786 Mob. : 9576786786
Email : hanzalaheadoffice@gmail.com | Website : www.hanzalatt.com.in
A Complete HAJJ UMRAH & ZEYARAT Package Solution

| ECONOMY | PREMIUM |
|---|---|
| July, Aug, Sep, Oct, Nov 2025 | July, Aug, Sep, Oct, Nov 2025 |
| 40 Times Prayers in Madinah | 40 Times Prayers in Madinah |
| PATNA TO PATNA + ₹12,000/- | PATNA TO PATNA + ₹12,000/- |
| ₹ 78,786/- DELHI TO DELHI | ₹ 99,786/- DELHI TO DELHI |
| Makkh Hotel: Safwa Tower or Similar (900 Mts) | Makkh Hotel: Rehab al Taqwa or Similar (350 Mts) |
| Madina Hotel: Raghada Madina 1 or Similar (400 Mts) | Madina Hotel: Guest Time or Similar (50 Mts) |
| INDIGO (Via Flight)( | SAUDI AIRLINES (Direct Flight) |

IRAQ BOOKING OCTOBER 2025 GOING ON
9507577786, 9507877786 9507777786

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| DARBHANGA 7903917763 EKRAM SAHAB | NAWADA 8700152814 ARSHI SB | KISHANGUNJ 8809175786 SYED AHMED KABIR | JAMUI 9507052786 AFTAB MALLICK | SAHARSA 9471256814 RAHMAT HUSSAIN | SIWAN 9973250972 PURNAM SIWANI | SILAO,NALANDA 9570625268 FAIZAN ALAM |
| ARARIA 9852382797 QARI NEYAZ | BIHAR SHARIF 9798606457 AFAQUE AHMAD | MOTIHARI 9576078605 SHAHNAWAZ SB | HARCHANDA 9576078610 HAJI NURUL HUSSAIN | MUZAFFARPUR 7031111984 HAKIM ANSARI | SIMRI BAKHTIYARPUR 7033041817 QARI NAZIR SB | GOPAL GANJ 8294797194 KHURSHID SB |

**ZAM ZAM**
زمزم
حج عمرہ ٹور اینڈ ٹریول
*Hajj Umrah Tour & Travel*
Main Khagaul Road, Opp Central Bank of India, Minhaj Nagar, Phulwari Sharif, Patna- 801505

| | | |
|---|---|---|
| 20 Jul 25 to 04 Aug 25 | 02 Sep 25 to 18 Sep 25 | 22 Oct 25 to 05 Nov 25 |
| DELHI to DELHI | DELHI to DELHI | DELHI to DELHI |
| 90,000/- | 90,000/- | 90,000/- |

PATNA to PATNA ₹1,10,000/-
SAUDI AIRLINES/AIR INDIA

Hotel in Makkah :- Dar Al-Khalil Rushad Hotel or Similar Tara Ajiyad Hotel | Package Includes | Hotel in Madina :- Guest Time & Riyadh Al Zahra Hotel or Similar

Accommodation, Visa, Ticket, Laundary, Zamzam, Badar Zeyarat, Transportation, Food, Tour Assistance

9334735020, 9334369891, 9308841431, 9572959246

CONTACT PERSON OTHER DISTRICT

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| NEW DELHI | ASANSOL (W.B) | RAJA BAZAR PATNA | BUXAR | CHAPRA | SIWAN | MUZAFFARPUR | DARBHANGA | BIHAR SARIF | ALAMGANJ PATNA |
| Gulam Rasul 9015524877 | Mufti Sohail Ansari 8868894411 | Sajjad Khan 930816263 | Md. Afzal Ansari 9110991456 | Md. Sabir 9308841431 | Ahmad Reza 9308170977 | Md. Rizwan 7004957236 9199684786 | Raja Ansari 8877690469 | Md. Chand 8210695856 | Md. Rizwan 8292847945 |

**NAFISA HAJJ & UMRAH TRAVELS**

UMRAH 2025 — From July 1st week, For 15 Days — SUPER SAVER 70,500 — Flight from Delhi to Delhi — Bus Service at Makkah

ECONOMY UMRAH PACKAGES
From July 1st week, For 15 Days — 80,500 — Flight from Patna to Patna
From July 1st week, For 15 Days — 90,500 — Flight from Darbhanga to Darbhanga

Package Inclusions: Air Ticket, Visa, Hotel, Insurance, Food, Transport, Ziyarat, Zamzam
For Enquiry Contact: 9835686530, 9667048262 Darbhanga; 7763987517, 9470035621 Kishanganj
H.O. BAZAR SAMITI, SHIVDHARA, DARBHANGA

Documents Required
Passport (6 months valid from departure)
2 Passport Size Photo
Pan Cards
Residence:
Hotel at Makkah: Within 1.5 km
Hotel at Madina: Within 700 m

UMRAH 2025 — From July 1st week, For 15 Days — DELUXE 95,500 — Flight from Delhi to Delhi — Hotel at Makkah: Within 300 m — Hotel at Madina: Within 200 m

# ثنائے ربِّ کریم میری نظر میں

ڈاکٹر سید شاہ ہمایوں اختر
خانقاہ شاہ ارزانی، پٹنہ
Mob: 7903615345



خدائے کائنات جو ایک لفظ ''کن'' کہہ کر انتہائی مختصر مدت میں نہ جانے کتنی ہی دنیائیں تخلیق کر دیتا ہے، وہ پسند فرماتا ہے کہ زمانہ اس کی توصیف میں رطب اللسان رہے۔ اگر اور کوئی شخص احسان کر کے جتلائے تو اسے غرور سے تعبیر کیا جاتا ہے، لیکن خدا تو سب سے بڑا اور سب سے عظیم ہے۔ ساری دنیا اس کی ممنونِ احسان ہے اور وہ خود کسی کا ممنونِ کرم نہیں۔ اس لئے وہ برملا اپنی یکتائی اور کبریائی کا بار بار اعلان کرتا ہے، احسان کرتا ہے تو احسان جتلاتا ہے۔ اسے ہر فخر اور ہر غرور زیبا ہے۔ اسے ایک لمحے کے لئے بھی گوارا نہیں ہے کہ اس کی خدائی صفات میں کسی کو شریک کیا جائے اور جہاں ایسا لمحہ آ جائے، وہ خود اسے شرک اور کفر قرار دیتا ہے۔ پھر کمال یہ ہے کہ وہ اپنی بڑائی اور کبریائی خود ہی بڑے الہیاتی کروفر کے ساتھ بیان کرتا ہے۔ قرآنِ حکیم کے آغاز میں ہی وہ اپنی ہستی کے واحد لائقِ حمد ہونے کا اعلان کر دیتا ہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ○

تمام حمد و ثنا کے لائق خدا ہے جو تمام جہانوں کا رب ہے۔

گویا آغازِ قرآن میں ہی اس نے لفظ ''حمد'' کو اپنے لئے مخصوص کر لیا۔ اب اُس کی تمنا یہی ہے کہ اُسے چاہا جائے، اُس سے محبت کی جائے، اُس کی قربت ڈھونڈی جائے، اُس کی آرزو کی جائے، اُس کی معرفت کا احساس پیدا کیا جائے، اُسے قریب سے قریب تر سمجھا جائے، اُس کی عبادت کی جائے، اُس کی بارگاہ میں سجدوں کے ارمغان پیش کئے جائیں، خلوت اور جلوت، سفر اور حضر، رنج اور خوشی، صحت و بیماری میں اُس کا تصور جاگزیں رہے۔ آغازِ شعور سے لے کر اختتامِ حیات تک بس اُسی سے لو لگائی جائے۔ اذانوں میں اُسی کے ترانے جھلکیں، رکوع و سجود میں اُسی کی تکریم کا جذبہ موجزن ہو، دعاؤں میں اُس کے حضور آنسوؤں کے آبگینے نذر کئے جائیں۔ حاجت براری کے لئے فقط اُسی کو پکارا جائے۔ یہی اُس کا مدعائے آفرینش ہے اور اپنی مخلوقات سے سب کچھ کروا کر وہ خوش ہوتا ہے، کیوں کہ جملہ مخلوقات کی عجز سامانی اُس کی کبریائی کو بہترین خراجِ عقیدت ہے:-

ذکر کرتے ہیں پرندے صبح وشام اللہ کا
سب سے پیارا اُن کو بھی لگتا ہے نام اللہ کا
اُس کی مرضی کے بنا پتّا بھی ہل سکتا نہیں
ہے بلاشک ایسا ہی کچھ انتظام اللہ کا

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

''اللہ تعالیٰ سے بڑھ کر کوئی نہیں جسے اپنی تعریف تکریم پسند ہو، اسی لئے اُس نے خود اپنی تعریف فرمائی۔'' (صحیح بخاری)

قرآن کریم کی درج ذیل پانچ سورتوں کی ابتداء حمد سے ہوتی ہے۔

**سورہ الفاتحہ:** تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جو سارے جہاں کا رب ہے۔


**سورہ انعام:** تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے آسمانوں اور زمینوں کو پیدا فرمایا اور تاریکیوں کو اور نور کو پیدا فرمایا۔

**سورہ کہف:** ''تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے اپنے بندے (محمدؐ) پر کتاب (قرآن کریم) نازل فرمائی اور اس میں کوئی کجی نہیں رکھی۔''

**سورہ سبا:** ''تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے مخصوص ہیں جس کی ملکیت میں سب چیزیں ہیں جو آسمانوں اور زمینوں میں ہیں۔''

**سورہ فاطر:** ''تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جو آسمانوں اور زمینوں کو پیدا کرنے والا ہے۔''

رب کریم نے جہاں قرآن میں 14/آیات میں اپنی حمد بیان کی ہے۔ وہیں 13/آیات میں اپنی حمد کا حکم دیا ہے اور 43/آیات اللہ کی حمد سے تعلق ہے۔ غور کیجئے سورہ ملک کے آغاز میں ہی اللہ کتنی خوبصورتی سے اپنے لئے فرماتا ہے۔




بہت ہی بابرکت ہے وہ ہستی جس کے ہاتھ میں بادشاہی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر مطلق ہے۔ بلاشبہ وہی حمد و ثنا کا مستحق ہے لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ کسی سے اُس کی حمد و ثنا کا حق ادا کر پانا ممکن نہیں ہے۔ سورہ لقمان اس کی تصدیق کرتی ہے:

''اگر تمام روئے زمین کے درخت قلم بن جائیں اور تمام سمندر سیاہی ہوں اور اُس کے بعد ان میں سات سمندروں کا اور اضافہ ہو تب بھی اللہ کے کلمات ختم نہیں ہوں گے۔ بے شک اللہ بہت غالب، بے حد حکمت والا ہے۔''

اردو شاعری میں ابتداء سے ہی حمد و مناجات کے نمونے ملتے ہیں لیکن دوسری اصناف کی طرح اس کی فراوانی بھی نہیں رہی ہے مگر اب ایسا نہیں ہے۔ حمدیہ شاعری بھی ہو رہی ہے اور اس کے حوالے سے تحقیق بھی ہو رہی ہے۔

اردو شاعری میں حمد کی ابتداء دکنی اور گجراتی اردو کی شکلوں سے ملتی ہے۔ یہ وہ دور تھا جب اردو زبان اپنی ابتدائی شکلوں (ہندوی، زبانِ دہلی یا دکنی) میں وجود میں آ رہی تھی۔ تیرہویں صدی میں امیر خسرو، جنہیں ''اردو ادب کا مورث اعلیٰ'' کہا جاتا ہے، نے ہندوی میں دوہے اور معمے لکھے جو بعد میں اردو کی شکل اختیار کر گئی۔ ان کے کلام میں حمد کے آثار ملتے ہیں، اگرچہ وہ براہِ راست حمد کے طور پر نہیں لکھے گئے تھے۔

اردو میں حمد کی روایت کو باقاعدہ طور پر مثنوی کے ذریعے فروغ ملا۔ مثنوی لکھنے والے شاعر اپنی تحریر کا آغاز چند اشعار حمد کے ساتھ کرتے تھے، جس میں اللہ کی عظمت، رحمت اور قدرت کا ذکر ہوتا تھا۔ یہ روایت دکنی شاعری میں بہت نمایاں تھی۔

لفظ ''حمد'' عربی زبان سے ماخوذ ہے اور اس کا مطلب ہے ''تعریف'' یا ''ثناء''۔ یہ لفظ خاص طور پر اللہ تعالیٰ کی تعریف کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ حمد دنیا کے سبھی زبان و ادب اور مذہب میں کسی نہ کسی شکل میں موجود ہے مثلاً انگریزی زبان میں Hymn تو ہندی زبان میں स्तुति وغیرہ۔ ہندو مذہب کی قدیم ترین کتاب رگ وید تو بالکل स्तुति سے بھری پڑی ہے۔ جس میں ایشور کی پرشنسا کے لئے گیت گائے گئے ہیں۔ اسی طرح سے قرآنی آیت ''الحمدللہ'' جو سورۃ الفاتحہ کی پہلی آیت ہے، حمد کی اہمیت کو واضح کرتی ہے۔ حمد کی روایت اسلامی عقائد سے گہری وابستگی رکھتی ہے اور اسلام کے پانچوں ارکان (شہادت، صلاۃ، زکوۃ، روزہ، حج) میں حمد کا تصور موجود ہے۔

اردو شاعری میں حمد ایک ایسی صنف ہے جو نہ صرف مذہبی بلکہ ادبی اور فلسفیانہ پہلوؤں سے بھی مالا مال ہے۔ یہ شاعر کے ایمان، اللہ سے تعلق اور اس کی نعمتوں کے اعتراف کو ظاہر کرتی ہے۔

اردو ادب میں حمد کی ترقی 19 ویں صدی میں مزید واضح ہوئی۔ جب نعت لکھنے والے شعراء نے حمد پر بھی توجہ دی۔ اس دور میں کئی شعراء نے مکمل طور پر حمد پر مشتمل مجموعے شائع کئے۔ مثال کے طور پر، ڈاکٹر حمید سلیم جیسے شعراء نے اپنی شاعری میں اللہ کی عظمت، رحمت اور محبت کو خوبصورت انداز میں بیان کیا ہے۔ منیر نیازی کی حمد ''چپ گلی محلے میں'' بہت مشہور ہوئی۔ اس کے علاوہ حمد کے مشہور گلوکاروں میں نصرت فتح علی خاں، صابری برادران، عزیز نازاں وغیرہ کے نام بہت اہم ہیں جنہوں نے قوالی کے ذریعہ حمد کو ہر خاص و عام تک پہنچایا۔ حمد کو ادبی نقطہ نظر سے بھی دیگر صنفوں کی طرح دیکھا جانا چاہئے، جیسا کہ صبیح رحمانی نے اپنی کتاب ''اردو حمد کی شعری روایت'' میں زور دیا۔ ان کا کہنا ہے کہ حمد اور نعت کو مذہبی عقیدت کی وجہ سے تنقیدی جائزوں سے مستثنیٰ نہیں کیا جانا چاہئے۔ یہ ایک مکمل ادبی صنف ہے جس میں فلسفیانہ، تاریخی، اور تکنیکی پہلو شامل ہیں۔ اس طرح سے حمد اردو شاعری کا ایک اہم حصہ ہے جو اللہ کی عظمت، رحمت اور نعمتوں کو خوبصورت انداز میں بیان کرتی ہے۔ آج بھی حمد کی روایت زندہ ہے اور اسے شعراء، گلوکاروں اور ادبی جرائد کے ذریعہ فروغ دیا جا رہا ہے۔ اس ضمن میں ایک نام ڈاکٹر شاداب ذکی بدایونی کا بھی ہے۔

شاداب ذکی اردو کے مشہور استاد شاعر، صحافی، ذکی تاگانوی کے صاحبزادے ہیں۔ اس لئے یہ کہا جا سکتا ہے کہ شعر و ادب انھیں ورثے میں ملا ہے۔ ان کی تربیت ہی ایسے ماحول میں ہوئی کہ جہاں روز و شب علم و ادب کی گفتگو ہوتی رہتی تھی۔ ابتدائی زندگی میں وہ آستانہ عالیہ قادریہ بدایوں کی پاکیزہ محفلوں میں زیادہ شرکت کرتے رہے۔ اسی لئے مزاج میں حمد و نعت اور مناجات و منقبت کا رجحان زیادہ رہا۔ ڈاکٹر شاداب ذکی بدایونی نے رب کریم کی حمد و ثنا میں چار کتابیں لکھی ہیں۔ 'للہ الحمد، دیوان حمد، رب کے حضور میں، اور ثنائے رب کریم اس کے علاوہ حضور محمدؐ کے شان میں نعت کی دو کتابیں تصنیف کی ہیں۔ سرکار کی باتیں، خوشبوئے مدینہ، اللہ کے ولیوں کے شان میں۔ انہوں نے منقبت گلہائے عقیدت اور ذکر مخدوم بھی تصنیف کیا ہے۔ اس کے علاوہ موصوف نے ادبی کام بھی خوب کیا ہے۔ جیسے کاروانِ ابر (ابر احسنی گنوری کے بدایونی شاگردوں کے تذکرے) تذکرہ غیر مسلم شعرائے بدایوں، تذکرہ شاعرات روہیل کھنڈ اور تحفۂ بہار تضمین وغیرہ۔

زیر نظر کتاب ''ثنائے رب کریم'' شاداب ذکی کی حمدیہ شاعری کا مجموعہ ہے۔ یہ ان کی تصنیف حمدیہ و مناجاتی شاعری کی ایک قابل قدر اور لائق تحسین کتاب ہے۔ اس کے مطالعے سے پتہ چلتا ہے کہ شاداب ذکی بدایونی نے حمدیہ یا مناجاتیں محض رسماً یا تبرکاً نہیں کہے ہیں۔ ان میں جذبات کا تموج بھی ہے اور اپنے خالق و مالک کے سامنے دعا و مناجات کا پُرسوز انداز بھی ہے۔ انھیں پڑھ کر اس نتیجے تک بہ آسانی پہنچا جا سکتا ہے کہ یہ حمدیہ و مناجاتی اشعار قرآنی آیات اور ارشاداتِ رسولؐ سے گہری مطابقت بھی رکھتے ہیں اور بندے کو اپنے معبود حقیقی سے قریب کرنے کا بھی سامان ان میں موجود ہے۔ چند اشعار ملاحظہ ہوں:-

صدائیں سنتا ہے بندوں کی اپنے تو یارب
تو ہی بچاتا ہے بس اُن کی آبرو یارب
تجھے تلاش کروں کیوں میں کُو بہ کُو یارب
بسا ہوا ہے مرے دل میں کیونکہ تو یارب

ڈاکٹر سید لطیف حسین ادیب فرماتے ہیں ''قابل داد ہیں شاداب ذکی کہ انہوں نے اپنے اشعار کے وسیلے سے قاری کو حمدِ الٰہی کی طرف راغب کیا ہے۔ ان کے اشعار مناجات یومیہ دعاؤں میں شامل ہونے کے لائق ہیں۔

جب ہم شاداب ذکی بدایونی کے کلام کا مطالعہ کرتے ہیں تو اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ موصوف کی شاعری میں حمد گوئی کی وہ تمام خوبیاں بہ نفسِ نفیس موجود ہیں جو اس کے لئے لازمی ہیں۔ کلام میں حسن و خوبی پیدا کرنے کے لئے فصاحت و بلاغت سے کام لیا جاتا ہے۔ صنائع بدائع کا استعمال کر کے شاعری کو درجہ کمال تک پہنچایا جاتا ہے۔ یہ صفات شاداب صاحب کے کلام میں بہ درجہ اتم موجود ہیں۔ وہ اپنی شاعری کو حسن و جمال کا جامہ پہنانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑتے۔ ان کی زبان سادہ و سلیس ہے۔ ان کے یہاں آسان بحر اور سلیس زبان کے ساتھ خوبصورت مضامین آسانی سے مل جاتے ہیں۔

شاداب ذکی کا طویل علالت کے بعد 26/مئی 2024 کو کے۔ کے ہاسپٹل علی گڑھ میں انتقال ہو گیا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ○ موصوف کے خراج عقیدت میں ناچیز کا نذرانہ:-

آسماں تیری لحد پر شبنم افشانی کرے
سبزہ نورستہ اس گھر کی نگہبانی کرے

○○○

